11388-اللہ تعالی کے اسم "السید" کا معنی

سوال

اللہ تعالی کے اسم "السید" کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اللہ السید : یعنی اللہ تبارک وتعالی مخلوق کا مالک ہے اور سب اس کے بندے ہیں ۔

اور مطلق طور پر سب اللہ تعالی کے محتاج ہیں اور مخلوق اس سے غنی اور بے پرواہ نہیں ہوسکتی ، اگر اللہ تعالی انہیں عدم سے وجود نہ دیتا تو ان کا کوئ وجود نہی ہوسکتا تھا ، اور اللہ تعالی نے مخلوق کو وجود دینے کے بعد انہیں بقاء نہ دی ہوتی تو ان کے لئے کوئ کسی قسم کی بقاء نہیں تھی ، اور اگر اللہ تبارک وتعالی انہیں پیش آنے والے حادثات میں ان کی مدد نہ فرماتا تو اللہ تعالی کے علاوہ ان کے لئے کوئ مددگار نہ تھا ، تو اللہ تبارک کا مخلوق پر یہ حق ہے کہ وہ اسے السید کہہ کر پکاریں اس کے علاوہ کوئ اور سید نہیں ہے ۔